# دوسرے کراچی بیئنالے (دوسالہ) میں مقامی سے عالمی سطح تک کے ماحولیات سے متاثر آرٹ کا تجربہ کریں

KB19 دوسرا کراچی بیئنالے

26 اکتوبر-12 نومبر، 2019

98 آرٹسٹس

7 مقامات

دوسرا کراچی بیئنالے آپ کے حسنِ ذوق کی تواضع کے لیے 16 ممالک کے آرٹسٹس پیش کرتے ہوئے ''اڑان روک دی گئی: قبضہ گیر کی میز سے فاش ہونے والے ماحولیاتی راز'' (Flight Interrupted: Eco-Leaks from the invasion desk) کے موضوع کے تحت شہر بھر میں عوامی آرٹ کی نمائش کرے گا۔ پاکستان کا سب سے بڑا بین الاقوامی عصری آرٹ ایونٹ ہونے کے ناطے، یہ ماحولیاتی ہنگامی صورتحال کو ہمارے دور کا فیصلہ کن مسئلہ تسلیم کرتا ہے۔ مرکزی خیال کراچی کے کم بلندی پر اڑنے والے پرندوں کا گمشدگی کا حوالہ دیتا ہے کیونکہ وہ اپنے گھونسلے بنانے کی جگہ اور بلا روک ٹوک پرواز کرنے کی آزادی کھو بیٹھے ہیں۔

KB19 اکتوبر 2017 میں منعقدہ کراچی بیئنالے کا دوسرا اعادہ اور آرٹ، شہر اور عوام الناس کو باہم منسلک کرنے کی ایک غیر معمولی کاوش ہے۔ بصری فنون میں تخلیق، جدت طرازی اور تنقید کے فروغ کے ایک متحرک پلیٹ فارم کے طور پر کراچی بیئنالے ٹرسٹ کے حسنِ تخیل کا یہ حاصل بصری فنون کے پیشہ ور افراد اور ماہرین تعلیم کے ایک گروپ نے تشکیل دیا تھا۔

اس ماحول دوست (گرین) بیئنالے میں ماحولیات سے متعلق ہنگامی صورتِ حال کے پیغام کا دور دراز تک پھیلاؤ یقینی بنانے کے لیے KB19 کے کیوریٹر محمد ذیشان نے شرکاء کا ایک متنوع امتزاج منتخب کیا ہے: "میں نے تعمیراتی ماہرین، باغبان، انجینئرز، ساؤنڈ ٹیکنیشنز، تھیٹر کے اداکاروں، اور داستان گو بھی شرکت کے لیے مدعو کیے ہیں۔ KB19 سے صرف فنکار نہیں، ہر ایک کو کچھ نہ کچھ حاصل کرنے کا موقع ملے گا، اس طرح مختلف شعبوں سے متعلق افراد اور عوام سے لوگوں کو شامل کرنا میرا نصب العین ہے، تا کہ ان کی مختلف آوازیں اور پیغامات ہمارے آفاقی پیغام کو تیزی سے اور مؤثر انداز میں پھیلانے میں مدد کریں۔''

بیئنالے کے مہمان پورے میٹروپولس کے 7 مقامات پر تشریف لے جائیں گے، جہاں آرٹسٹوں نے لگ بھگ ایک سو حیرت انگیز اور ہنگامی پروجیکٹس تیار کیے ہیں: ان کے نظریات فطرت کے 'خیر مقدم کرتے بازوؤں' (خلیل جبران) سے ہم آغوش ہیں۔ یہ جگہیں نوآبادیاتی دور سے لے کر عصر حاضر تک، عوامی پارکس سے لے کر کنکریٹ کے مکانات تک محیط ہیں۔ ایک درجن سے زیادہ فنکار کراچی چڑیا گھر میں اپنے فن پاروں کی نمائش کر رہے ہیں، یہ جگہ شہر کے کچھ سب سے قدیم درختوں کی حامل ہے جو گنجان آباد علاقے کے لیے پھیپھڑوں کا کام کرتی ہے۔

کراچی بیئنالے نمائش کے مقامات مفت اور سب کے لئے کھلے ہیں۔ اس میں ہر ایک کے لئے بھرپور عوامی پروگرام ہوں گے۔ طلبا کے لیے اسکولوں کے روزانہ دورے اور کالج کے ہفتہ وار دورے متعارف کروائے گئے ہیں تا کہ آرٹ اور ماحولیات کے بارے میں ان کے علم میں اضافہ کیا جا سکے۔ عالمی اور مقامی اسکالرز کی اہم گفتگو، مباحثے، مہمانوں کے لیے رہنما والے دورے ایک ناقابل فراموش ثقافتی تجربے کا وعدہ کرتے ہیں۔

عالمی سطح پر سراہے جانے والے فنکاروں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ، عوامی حاضرین کو کراچی میں اپنی تاریخی میراث کی حیثیت رکھنے والے مقامات کے

پس منظر میں عجائب گھر کی سطح کا آرٹ دیکھنے کا موقع ملے گا۔ KB19 نہ صرف شہر کے فطرت کے ساتھ تعلق کا دروازہ کھول دے گا بلکہ اس کا جشن بھی منائے گا اور اس کے علاج اور تجدید و احیا کے لیے عالمی سطح پر تعاون کا آغاز کرے گا۔

KB19 کو متعدد سرکاری اور نجی شراکتوں کی مدد حاصل ہے۔ میئر اور سٹی گورنمنٹ نے فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کراچی چڑیا گھر، فریئر ہال اور باغ ابن قاسم کو نمائش کے مقامات کے طور پر مہیا کیا ہے۔ الائنس فرانسیسے ڈی کراچی، برٹش کونسل، گوئٹے انسٹیٹیوٹ، اٹلی کے قونصل خانہ اور پرو ہیلویٹیا سوئس آرٹس کونسل اپنے ممالک کے فنکاروں کی شرکت میں معاون رہے ہیں۔ مقامات سے متعلق دیگر تمام شراکت دار اپنی جگہوں پر KB19 کی میزبانی کر رہے ہیں۔ KB19 کے پانچ انعامات کی پشت پر فراخ دل افراد، فاؤنڈیشنز اور کمپنیاں ہیں جن کے ذریعے بے مثال کاموں اور کامیابیوں کا اعتراف کیا جاتا ہے۔ ان میں پہلے سے موجود KB19 مہ وش اینڈ جہانگیر صدیقی فاؤنڈیشن جیوریڈ آرٹ پرائز اور شہنیلا اینڈ فرحان فاروقی پاپولر چوائس آرٹ پرائز اور تین نئے انعامات KB19 پیک فریز ایمرجنگ آرٹسٹ پرائز، KB19 لیگنڈ ون ملک فاؤنڈیشن پرفارمنس آرٹ پرائز اور KB19 ایچ ایم حبیب لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ شامل ہیں۔ پرفارمنس آرٹ پرائز اس صنف میں فنی کامیابیوں کا اعتراف کرنے اور مستقبل کے پرفارمنگ آرٹسٹوں میں اپنی عوامی شمولیت اور فن کارانہ اظہار کو مزید آگے بڑھانے کی لگن بیدار کرنے لیے دنیا کے گنتی کے چند انعامات میں سے ایک ہے۔

KB19 کا پروگرام اور معلوماتی صفحہ ہمراہ منسلک ہے۔

مزید معلومات، تصاویر، اقوال اور انٹرویو کی درخواستوں کے لیے براہ کرم رابطہ کریں:

سید حماد علی

0343-2548-694

communications@karachibiennale.org.pk